## سوال

(121) کیا بچوں پر بھی ہدی ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بچوں پر بھی ہدی ہے؟ (فتاوی المدینہ: 18)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اپنے بچوں میں سے کسی بچے کو بھی اپنے ساتھ حج کروائے تو اس بندے پر لازم ہے کہ وہ اس بچہ پر بھی حج کے وہ تمام احکام لاگو کرے جو اپنے آپ پہ کرتا ہے اور ان احکام میں ہدی ہے۔ جب بچے کے لیے ہدی نہ پائے تو جو چیز ہدی نہ ہونے کی شکل میں سب پر لازم آتی ہے وہ اس پر بھی لازم آئے گی۔ رزوں کی صورت میں ہمیں یہی بات سمجھ میں آتی ہے۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ البانیہ

## حج اور عمرہ کا بیان صفحہ: 218

محدث فتویٰ